اسپیشل کونسل فار امیگریشن کا دفتر – غیر منصفانہ ملازمتی طرز عمل سے متعلق

امریکی محکمۂ انصاف  محکمہ حقوق عامہ

# نام/ سوشل سیکیورٹی نمبر  کی عدم مماثلت سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات

**1.** مجھے سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن(**SSA**) سے عدم مماثلت کا خط کیوں موصول ہوا

***SSA کے عدم مماثلت والے خطوط ایسی صورت میں بھیجے جاتے ہیں جب کسی آجر کے ذریعہ SSA کو کسی ملازم کے بارے میں دی گئی معلومات اور SSA کے ریکارڈ میں موجود اس ملازم کی معلومات میں فرق ہوتا ہے۔ SSAکی عدم مماثلت کی کچھ عمومی وجوہات ہیں املا کی غلطی، نام کی تبدیلی، ڈیٹا کا اندراج کرتے وقت آجر سے ہوئی غلطی، یا سوشل سیکیورٹی نمبروں کا غلط استعمال۔ صرف مماثل نہ ہونے کا خط کسی ملازم کے امریکی شہری ہونے، امیگریشن کی صورتحال یا امریکہ میں کام کرنے کی اہلیت کا تحریری ثبوت نہیں ہے۔***

**2.** مجھے **SSA** سے عدم مماثلت کا خط ملا ہے— میں کیا کروں؟

اگر آپ کو کام کرنے کی اجازت حاصل ہے اور آپ کو  SSA کی جانب سے عدم مماثلت کا خط ملتا ہے تو، آپ کو خط میں درج معلومات کا موازنہ اپنے سوشل سیکیورٹی کارڈ کے اندراجات سے کرنا چاہیے۔

- اگر خط میں موجود معلومات آپ کے سوشل سیکیورٹی کارڈ پر درج معلومات کے مماثل نہیں ہیں تو، خط کے ساتھ منسلک فارم پُر کریں اور اسے جتنی جلدی ممکن ہو SSA کو بھیج دیں
- اگر خط میں درج سبھی معلومات آپ کے سوشل سیکیورٹی کارڈ کے اندراجات سے ملتی جلتی ہے تو، جتنی جلدی ممکن ہو اپنے مقامی سوشل سیکیورٹی آفس  جاکر دیکھیں کہ عدم مماثلت کیوں ہوئی ہے۔

**3.** کیا عدم مماثلت کے خطوط صرف **SSA** کی جانب سے آتے ہیں؟

***نہیں، عدم مماثلت کے خطوط دیگر سرکاری ایجنسیوں یا نجی کاروباروں کی جانب سے آسکتے ہیں، جیسے صحت کے بیمہ کی کمپنیاں اور ایسی کمپنیاں جو پس منظر کی جانچیں کرتی ہیں۔***

**4.** میرے آجر کو SSA کے علاوہ کسی دوسرے ذریعے سے عدم مماثلت کا خط ملا ہے— میں کیا کروں

اگر آپ کو کام کرنے کی اجازت ہے اور آپ کے آجر کو کسی دوسری ایجنسی یا کمپنی، جیسے صحت کے بیمہ کی کمپنی، سے عدم مماثلت کا  خط ملتا ہے  تو آپ کو عدم مماثلت کے نوٹس کی ایک نقل طلب کرنی چاہیے اور:

- یہ دیکھنے کے لیے ایجنسی / کمپنی سے رابطہ کریں کہ آیا اس نے SSA کو آپ کی درست معلومات جمع کروائی ہے۔
- اگر ایجنسی/ کمپنی نے درست معلومات جمع کروائی ہے تو،  یہ دیکھنے کے لیے اپنی مقامی سوشل سیکیورٹی آفس جائیں کہ یہ عدم مماثلت کیوں ہوئی ہے۔

**5.** اگر مجھے عدم مماثلت کا خط ملتا ہے تو میرے کیا حقوق ہوسکتے ہیں؟

***آپ کے آجر کو آپ کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرنی چاہیے (جیسے کہ ملازمت سے برطرفی، معطلی یا آپ کے عہدے میں کمی، یا تنخواہ ، کام کے گھنٹوں یا تربیت سے روک دینا۔ آپ کا آجر آپ سے مزید دستاویزات بھی طلب نہیں کرسکتا، یا آپ سے نیا فارم I-9 بھرنے کا تقاضا نہیں کرسکتا۔ اگر آپ کا آجر ان میں سے کوئی عمل کرتا ہے تو، آپ کو ہمارے دفتر کے ٹول فری نمبر  1-800-255-7688 پر رابطہ کرنا چاہیے۔***

**6.** میرے عدم مماثلت کی اطلاع دینے کے علاوہ، مجھے اپنے آجر سے اور کیا توقع کرنی چاہیے

اگر آپ کو کام کرنے کی اجازت حاصل ہے لیکن آپ کو عدم مماثلت کا مسئلہ درپیش ہے تو، آپ کو اپنے آجر سے درج ذیل کی توقع کرنی چاہیے:

- عدم مماثلت کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے معقول وقت۔
- عدم مماثلتوں کے ردعمل میں، آپ کی شہریت کی صورتحال یا قومیت سے قطع نظر،  آپ کے ساتھ مساوی برتاؤ کرنا۔
- آپ کے ذریعہ عدم مماثلت کا مسئلہ حل کیے جانے تک بدستور کام کرتے رہنے دینا۔

***آپ کے آجر کے ساتھ اس معاملے پر وقفے وقفے سے گفتگو کہ آیا آپ نے عدم مماثلت کا مسئلہ حل کرلیا ہے۔***

**7.** میں عدم مماثلت کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں

**سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن کے پاس اس پتے پر SSA کی عدم مماثلت کے خطوط سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات کے جوابات موجود ہیں** **http://ssa-custhelp.ssa.gov/app/answers/detail/a_id/1127** اور **http://ssa-custhelp.ssa.gov/app/answers/detail/ a_id/2199/kw/2199** عدم مماثلت کے خط یا اسی طرح کے دیگر نوٹسز کا جواب کیسے دینا ہے اس کے بارے میں سوالات یا مدد کے لیے، ہمارے دفتر کے ٹول فری نمبر  1-800-255-7688 پر کال کریں یا ملاحظہ کریں **http://www.justice.gov/crt/about/osc/pdf/publications/SSA/FAQs.pdf**۔

# ملازمین کے لیے نام اور سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) کی "عدم مماثلت" سے متعلق معلومات

## آپ کو کیا جاننا چاہیے:

- نام/ سوشل سیکیورٹی نمبر(SSN) کی عدم مماثلت سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA)، دیگر سرکاری ایجنسیوں یا پرائیوٹ کمپنیوں کی جانب سے آسکتا ہے۔
- اگر آپ یا آپ کے آجر کو SSA کی جانب سے عدم مماثلت کا خط ملتا ہے تو، اس خط پر اس بارے میں ہدایات ہوں گی کہ کیا کرنا ہے۔
- اگر آپ یا آپ کے آجر کو دیگر سرکاری ایجنسیوں یا پرائیوٹ کمپنیوں کی جانب سے عدم مماثلت کا خط ملتا ہے تو، آپ کو ان معلومات کی جانچ کرنی چاہیے جو ایجنسی یا کمپنی نے SSA کو دی ہیں۔ اگر معلومات درست ہے تو، یہ دیکھنے کے لیے SSA سے رابطہ کریں کہ عدم مماثلت کیوں پیدا ہوئی۔
- نام/SSN کی عدم مماثلت غلط یا پرانی معلومات کے سبب پیدا ہوسکتی ہے۔
- یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ امریکی شہری بننے کے بعد یا شادی، طلاق، یا کسی دوسری وجہ سے نام تبدیل ہونے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو SSA میں اپنے ریکارڈ کی تازہ کاری کروائیں۔
- آپ کا آجر آپ سے پوچھ سکتا ہے کہ آپ نے عدم مماثلت کو درست کرنے کے لیے کیا کیا ہے۔

## آپ کو اپنے آجر سے:

- عدم مماثلت کی وضاحت کرنے والی تحریری معلومات طلب کرنی چاہیے۔
- اس بات کی جانچ کے لیے کہنا چاہیے کہ آپ کے آجر کے ریکارڈوں میں آپ کا درست نام اور SSN ہے۔
- اپنی عدم مماثلت کو درست کیے جانے کے دوران کام پر برقرار رکھنے کے لیے کہنا چاہیے۔
- دستاویزات حاصل کرنے اور اپنی عدم مماثلت کو درست کرنے کے لیے حسب ضرورت وقت کے لیے کہنا چاہیے
- اپنی عدم مماثلت کے مسئلے کو حل کرنے کے دوران، آپ کی شہریت کی صورتحال یا قومیت سے قطع نظر دوسرے ملازمین جیسا برتاؤ کرنے کے لیے۔

## آپ کو OSC کی ہاٹ لائن 1-800-255-7688 پر کال کرنا چاہیے اگر آپ کا آجر:

- عدم مماثلت کے نوٹس کی بنیاد پر اس عدم مماثلت کو درست کرنے کے لیے آپ کو معقول وقت دیے بغیر آپ سے I-9 پُر کرنے کے لیے کہے۔
- صرف عدم مماثلت کی بنیاد پر آپ کو کام نہ کرنے دے یا آپ کی تنخواہ/ گھنٹوں میں کمی کرے۔
- پ کو عدم مماثلت کو درست کرنے کے لیے معقول وقت نہ دے۔
- ملازمین کی قومیت یا شہریت کی صورتحال کی بنیاد پر عدم مماثلت سے متعلق دوسرا طریق کار اختیار کرے۔
- عدم مماثلت کے سبب آپ سے ایک SSA یا دیگر سرکاری دستاویزات تیار کروانے کا تقاضہ کرے۔